# 13-09-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت پر زور دیا کہ مستقبل میں سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے لائحہ عمل تیار کیا جائے۔

☆بی آر ایس ایم ایل اے کوشک ریڈی اور اے گاندھی کے بیچ جھڑپوں کے بعد آج پولیس نے بی آر ایس کے اہم قائدین بشمول وزراء، ارکان اسمبلی، ارکان کونسل، ارکان پارلیمان اور دیگر کو ان کے گھروں اور پارٹی دفاتر پر نظر بند رکھا۔

☆تلنگانہ کے ڈی جی پی ڈاکٹر جتیندر نے آج انتباہ دیا کہ جو کوئی امن وامان کو بگاڑنے کی کوشش کرے گا اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

☆وزیراعظم نریندر مودی نے پیرالمپکس میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور انہیں تہنیت پیش کی۔

☆☆☆☆☆

سابقہ متحدہ عادل آباد ضلع میں پولیس نے آج صبح بی آر ایس پارٹی کے قائدین، کارکنان اور سوشیل میڈیا جہد کاروں کو احتیاطی طور پر حراست میں لے لیا۔ سابق وزیر ہریش راؤ اور دیگر پارٹی قائدین کی کل ہوئی گرفتاری کے معاملہ پر بی آر ایس لیڈران اور ورکران کی حمایت میں مظاہرہ کرنے کا منصوبہ رکھتے تھے۔ حضور آباد ایم ایل اے پی کوشک ریڈی اور سری لنگم پلی کے رکن اسمبلی اڑیکا پوڈی گاندھی کے درمیان تنازعہ چل رہا ہے۔ انہیں احتجاج میں حصہ لینے کیلئے اپنی رہائش گاہ سے حیدرآباد جانے کے دوران حراست میں لیا گیا۔ بی آر ایس کے جن قائدین کو احتیاطی حراست میں لیا گیا ان میں پارٹی کے ضلع صدر جوگورامنا، سابق رکن اسمبلی دیوا کرراؤ، ڈی چنیا، آصف آباد ایم ایل اے کے لکشمی اور انیل جادھو شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆

پولیس نے آج بی آر ایس لیڈر وسابق وزیر ہریش راؤ کو ان کے گھر پر نظر بند رکھا۔ ارکان اسمبلی کوشک ریڈی اور اڑیکا پوڈی گاندھی کے درمیان ہوئے حالیہ تنازعہ کے ممکنہ پھیلاؤ کو روکنے کیلئے پولیس نے احتیاطی طور پر انہیں گھر پر نظر بند رکھا۔ ہریش راؤ کو کوکا پیٹ میں واقع ان کی رہائش گاہ پر نظر بند رکھا گیا اور بی آر ایس قائدین کو ان سے ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی۔ پولیس نے ریاست بھر میں بی آر ایس پارٹی لیڈروں کو احتیاطی طور پر حراست میں لیا ہے۔ متحدہ کریم نگر ضلع میں کئی بی آر ایس قائدین کو گھروں پر نظر بند رکھا گیا۔ ہریش راؤ نے بی آر ایس قائدین کی گرفتاریوں کی مذمت کی اور کہا کہ غیر منصفانہ طور پر ان کی پارٹی کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ ہریش راؤ نے بی آر ایس کے تمام قائدین اور کارکنوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے حملہ میں ملوث کوشک ریڈی کے حامیوں کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرنے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ کوشک ریڈی اور اے گاندھی کے گھروں کے باہر سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔ بی آر ایس نے اے گاندھی کے گھر پر پارٹی کا ایک اجلاس منعقد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ کوشک ریڈی نے بھی اس میں شرکت کا فیصلہ کیا تھا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاست بھر میں پارٹی لیڈروں کو گھروں پر نظر بند رکھنے پر اپنی برہمی کا اظہار کیا۔ کے ٹی آر نے پولیس کے اس عمل کی مذمت کی اور اسے غیر قانونی قرار دیا۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر نے موجودہ حالات کا موازنہ ایمرجنسی سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، بی آر ایس کے اجلاس سے گھبراہٹ کا شکار ہوگئی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے ڈی جی پی ڈاکٹر جتیندر نے آج انتباہ دیا کہ جو کوئی امن وامان کو بگاڑنے کی کوشش کرے گا اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ڈی جی پی نے حیدرآباد، سائبرآباد اور رچہ کنڈہ کے پولیس کمشنروں کے ہمراہ ایک کانفرنس منعقد کی اور کہا کہ حیدرآباد اور ریاست کے دیگر مقامات پر نظم ونسق کو بگاڑنے کی کوشش کرنے والوں کے خلاف کڑی کارروائی کی جائے۔ ڈی جی پی نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں نہ لیں۔ ڈی جی پی کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب ریاست میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہورہا ہے، سیاسی الزام تراشیاں بڑھ گئی ہیں اور مختلف طبقات کے بیچ کشیدگی میں اضافہ دیکھا جارہا ہے۔

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ اور حیدرآباد ضلع کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت نے اس مہینہ کی 17 تاریخ کو گنیش وسرجن جلوس کے پیش نظر تمام سیاسی پارٹیوں کی ریالیوں پر پابندی لگادی ہے۔انہوں نے کہا کہ چونکہ ہندو اور مسلم طبقے اپنے تہوار ایک ساتھ منا رہے ہیں لہذا اس دوران کوئی سیاست نہیں ہونی چاہئے۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ حکومت نے گنیش وسرجن کے لئے وسیع انتظامات کئے ہیں پونم پربھاکر نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ڈی جی پی کو پہلے ہی ہدایت دیدی ہے کہ غیر سماجی عناصر کے خلاف کڑی کارروائی کی جائے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت پر زور دیا کہ مستقبل میں سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ ریاست میں حالیہ سیلاب سے ہوئی تباہی کے تعلق سے مرکزی ٹیم کو واقف کرواتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ بارش اور سیلاب کی وجہ سے تلنگانہ کو کافی خسارہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کیلئے مرکزی حکومت کو فوری طور پر فنڈس جاری کرنے چاہئے اور اس ضمن میں کوئی تحدیدات عائد نہیں کی جانی چاہئے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ منیرو دریا کی موجودہ دیوار کی تعمیر کھمم ضلع میں ممکنہ سیلاب کو روکنے کا واحد حل ہے۔ ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت سے اپیل کی کہ ریاست کو سیلاب سے ہوئے نقصانات سے نمٹنے اور اس ضمن میں درکار ضروری اقدامات کرنے کیلئے مزید فنڈس مختص کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے خصوصی سوچھتا مہم کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ آج ایک ویب پورٹل کا آغاز کیا۔سوچھتا مہم کے دوران مرکزی حکومت کے تمام دفاتر میں صفائی مہم چلانا ہے۔حکومت نے ہرسال دو اکتوبر سے اکتیس اکتوبر تک خصوصی صفائی مہم چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس مہینہ کی 16 تاریخ سے 30 تاریخ تک صفائی مہم کی تیاریاں کی جائیں گی۔

☆☆☆☆☆

پیرس پیرالمپکس میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کا نام روشن کرنے والے کھلاڑیوں کا وطن واپسی پر شاندار خیر مقدم کیا گیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے پیرا اتھلیٹس سے ملاقات کی اور انہیں تہنیت پیش کی۔ نریندر مودی نے میڈل حاصل کرنے والوں اور گیمس میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کو ان کے مظاہرہ پر مبارک باد دی۔انہوں نے کہا کہ پیرالمپین ہر ایک کیلئے تحریک کا سبب ہے۔ مرکزی وزیر مملکت برائے کھیل آر نکھیل کھڈسے نے بھی کھلاڑیوں کو تہنیت پیش کی اور کہا کہ ان کی یہ حصول یابیاں نوجوانوں کو متاثر کریں گی۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ٹرائیک نظام کو بہتر بنانے کیلئے مخنثوں کی رضا کارانہ خدمات حاصل کرنے اور انہیں ہوم گارڈس کی طرز پر ملازمت فراہم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے دلچسپی رکھنے والے رضا کاروں کی تفصیلات جمع کرنے کی حکام کو ہدایت دی۔ اس موقع پر ریونت ریڈی نے جی ایچ ایم سی حدود میں سڑکوں، فٹ پاتھ کی تعمیر ومرمت اور دیگر کاموں میں ہورہی پیشرفت پر عہدیداروں سے واقفیت حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ کام متعین وقت میں مکمل ہونے چاہئے اور ایسے کنٹراکٹرس جنہوں نے ٹنڈر حاصل کرنے کے بعد کام میں لاپرواہی کی ان کے خلاف کارروائی کی جانی چاہئے۔ وزیراعلیٰ نے پراجکٹ مکمل نہ کرنے والے کنٹراکٹرس کی تفصیلات اندرون پندرہ دن جمع کرنے کی حکام کو ہدایت دی۔

☆☆☆☆☆

سری لنگم پلی کے رکن اسمبلی اے گاندھی کی کوکٹ پلی میں واقع رہائش گاہ پر اجلاس میں شرکت کے اعلان کے بعد آج پولیس نے بی آر ایس کے اہم قائدین بشمول وزراء، ارکان اسمبلی، ارکان کونسل، ارکان پارلیمان اور دیگر کو ان کے گھروں اور پارٹی دفاتر پر نظر بند رکھا۔ کئی سابق وزراء ہریش راؤ، سبیتا اندرا ریڈی، ٹی سرینواس یادو، ارکان اسمبلی ایم کرشنا راؤ، کے پی وویکا نند کو اپنے گھروں سے باہر جانے کی اجازت نہیں دی گئی۔ پولیس نے میڑچل ملکاجگیری ضلع میں بی آر ایس کے صدر وایم ایل سی ایس راجیو کے ملم پیٹ میں واقع گھر پر جمع ہونے کی کوشش کرنے والے بی آر ایس کارکنوں کو بھی حراست میں لے لیا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر صحت داموددر راج نرسمہا نے کارپوریٹ اداروں سے کہا کہ وہ سنگاریڈی ضلع کی جامع ترقی کیلئے اپنی سماجی ذمہ داری کے تحت دو فیصد رقم مختص کریں۔ راجا نرسمہا نے کارپوریٹ اداروں کے نمائندوں پر زور دیا کہ وہ سنگاریڈی کے مختلف شعبوں خاص کر تعلیم ،صحت اور سماجی شعبہ پر توجہ مرکوز کریں۔ ضلع کلکٹر میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران ریاستی وزیر نے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے تحت پراجکٹس مکمل کرنے پر زور دیا۔ ریاستی وزیر صحت نے کہا کہ ریاست میں ڈینگو کے 6242 کیسس ،چکن گنیا کے 167 ،ملیریا کے 197 کیسس اور وبائی بخار کے 299708 کیسس ریکارڈ کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈینگو سے نمٹنے کیلئے محکمہ صحت کی جانب سے مستقل طور پر سروے کرائے جارہے ہیں۔ اب تک 106356 نمونوں کی جانچ کی گئی ہے۔ جن میں سے 6 فیصد کا نتیجہ مثبت پایا گیا ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ حیدرآباد ،سوریا پیٹ ،میڑچل اور ملکاجگیری اضلاع میں یہ وبائی بیماری کے واقعات زیادہ ہیں۔

☆☆☆☆☆